***09-10-2023***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................شمیم احمد

**Music**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...........شمیم احمد

**Music**

---

☆ انتخابی کمیشن نے پانچ ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ مدھیہ پردیش، راجستھان، تلنگانہ اور میزورم میں 7 سے 30 نومبر کے درمیان ایک ہی مرحلے میں ووٹنگ ہوگی۔

☆ چھتیس گڑھ میں دو مرحلوں میں اگلے ماہ کی 7 اور 17 تاریخ کو انتخابات ہوں گے۔ تمام پانچوں ریاستوں میں ووٹوں کی گنتی 3 دسمبر کو ہوگی۔

☆ بھارت اور تنزانیہ نے اپنے تعلقات کو بلندی دے کر کلیدی شراکت داری تک پہنچا دیا ہے۔ دونوں ملکوں نے دفاعی تعاون کے شعبے میں پانچ سالہ لائحۂ عمل سے اتفاق کیا ہے۔

☆ امریکہ کی ماہر اقتصادیات کلاڈیا گولڈن کو خواتین سے متعلق لیبر مارکیٹ کی حصولیابیوں کی تفہیم میں پیشرفت کیلئے اقتصادی سائنسز کے 2023 کے نوبیل انعام کیلئے چنا گیا ہے۔

☆ اسرائیل نے فلسطینی گروپ حماس کے ساتھ جاری تنازع کے دوران غزہ پٹی کے مکمل محاصرے کا حکم دیا ہے۔ اسرائیل پر حملوں میں کئی غیرملکی باشندے ہلاک اور اغوا ہوئے ہیں۔

☆ کرکٹ میں، عالمی کپ میں نیوزی لینڈ اور نیدر لینڈ کے درمیان حیدرآباد میں میچ جاری ہے۔

(Music)

---

## اب خبریں تفصیل سے

### EC Dates with Add

میزورم، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، راجستھان اور تلنگانہ میں اسمبلی انتخابات 7 نومبر سے 30 نومبر کے درمیان ہوں گے۔ پانچوں ریاستوں میں ووٹوں کی گنتی 3 دسمبر کو ہوگی۔ انتخابی کمیشن نے آج اِن پانچوں ریاستوں میں انتخاب کا پروگرام جاری کیا۔

میزورم میں ووٹ 7 نومبر کو ڈالے جائیں گے اور اِس کیلئے اِس ماہ کی 13 تاریخ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ چھتیس گڑھ میں 7 نومبر اور 17 نومبر کو دو مرحلوں میں انتخابات ہوں گے۔ پہلے مرحلے کیلئے اِس ماہ کی 13 تاریخ کو اور دوسرے مرحلے کیلئے اِس ماہ کی 21 تاریخ کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ مدھیہ پردیش میں 17 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور نوٹیفکیشن 21 اکتوبر کو جاری کیا جائے گا۔

راجستھان میں 23 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے جس کیلئے نوٹیفکیشن 30 اکتوبر کو جاری کیا جائے گا۔ تلنگانہ اسمبلی انتخابات 30 نومبر کو ہوں گے جبکہ اِس کیلئے نوٹیفکیشن 3 نومبر کو جاری کیا جائے گا۔

انتخابی کمیشن نے ناگالینڈ میں ایک اسمبلی حلقے کیلئے ضمنی انتخابات کا بھی اعلان کیا ہے جس کیلئے 7 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ Mon ضلع کے تحت The 43-Tapi اسمبلی حلقے کے ایم ایل اے Noke Wangnao کے 28 اگست کو انتقال کے بعد یہ سیٹ خالی ہوگئی تھی۔

نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ پانچ ریاستوں میں انتخابات کی منفرد اہمیت ہے کیونکہ یہ اگلے برس ہونے والے عام انتخابات سے قبل آخری اسمبلی انتخابات کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اِس اعلان کے ساتھ ہی اِن ریاستوں میں ضابطہ اخلاق نافذ ہوگیا ہے۔x

### BJP Candidate List

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ شیو راج سنگھ چوہان آئندہ اسمبلی انتخابات میں بُدھنی اسمبلی سیٹ سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ ریاستی وزیر نروتم مشرا، دتیا اسمبلی حلقے سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔ BJP نے آج مدھیہ پردیش میں آئندہ انتخابات کیلئے 57 امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔

پارٹی نے راجستھان اسمبلی انتخابات کیلئے 41 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست بھی جاری کی ہے، جس میں سات ممبر پارلیمنٹ کے نام شامل ہیں، جن میں راجیہ وردھن سنگھ راٹھور، جھوٹواڑا سے چناؤ لڑیں گے، دیا کماری، ودیا نگر سے، بابا بالک ناتھ، تجارا سے، ہنس راج مینا، سپوترا سے اور کروڑی لال مینا، سوائی مادھوپور سیٹ سے چناؤ میدان میں ہوں

گے۔

چھتیس گڑھ کے سابق وزیر اعلیٰ رمن سنگھ، راج آنند گاؤں اسمبلی سیٹ سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ مرکزی وزیر رینوکا سنگھ، بھرت پور- سونہٹ سیٹ سے BJP کی امیدوار ہوں گی۔ پارٹی نے چھتیس گڑھ میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے 64 امیدواروں کی ایک دیگر فہرست جاری کی ہے۔ x

## Tanzanian Prez-India

وزیر اعظم نریندر مودی اور تنزانیہ کی صدر سامیہ صولحو حسن کے درمیان آج نئی دلّی میں وسیع تر امور پر مذاکرات ہوئے۔ دونوں لیڈروں نے باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا اور دونوں ملکوں کے درمیان قریبی اور تاریخی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ملکوں نے وفد کی سطح کی بات چیت بھی کی۔ ایجنڈا میں باہمی تعاون کے کئی شعبے شامل تھے جس میں تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع اور سمندری سرحدوں کی سلامتی، ترقی کے سلسلے میں شراکت داری، اعلیٰ تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات شامل ہیں۔

تنزانیہ کی صدر کے ساتھ میٹنگ کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت اور تنزانیہ کے تعلقات کیلئے تاریخی دن ہے کیونکہ قدیم دوستی بلندی اختیار کرکے کلیدی شراکت داری میں بدل گئی ہے۔

انھوں نے کہا کہ تنزانیہ افریقہ میں بھارت کا سب سے قریبی ترقی کا شراکت دار ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور تنزانیہ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے اہم شراکت دار ہیں اور دونوں ملک مقامی کرنسی میں کاروبار کو بڑھانے کے سلسلے میں ایک معاہدے پر کام کر رہے ہیں۔

2100 PM on Trade In Local Currency

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور تنزانیہ نے دفاع کے شعبے میں پانچ سال کے لائحہ عمل سے اتفاق کیا ہے۔ اس کے ذریعے فوجی تربیت، سمندری سرحدوں کی سلامتی سے متعلق تعاون، صلاحیتوں کی تشکیل اور دفاعی صنعت جیسے شعبوں میں نئی جہات کو شامل کیا جائے گا۔

بھارت اور تنزانیہ نے آج کھیلوں، سمندری سرحدوں سے متعلق صنعت، ثقافتی تبادلوں، تنزانیہ میں صنعتی پارک کی تعمیر، ڈیجیٹل تبدیلیوں کیلئے آبادی کے پیمانے پر کامیاب ڈیجیٹل حل سے ایک دوسرے کو واقف کرانے اور وائٹ شپنگ انفارمیشن سے ایک دوسرے کو واقف کرانے کے سلسلے میں 6 مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔

## Sikkim Situation

قدرتی آفات کے بندوبست کی کمیٹی NCMC نے کابینہ سکریٹری راجیو گوابا کی صدارت میں آج سکّم کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران سکّم کے چیف سکریٹری نے بتایا کہ زیادہ تر علاقوں میں سڑک رابطہ بحال کر دیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ جیسے جیسے موسم بہتر ہوا، پھنسے ہوئے لوگوں کو نکالنے اور انھیں ہوا کے راستے باہر نکالنے کا کام کرنا ممکن ہوگیا ہے۔ آج صبح 80 افراد کو نکالا گیا ہے۔ چیف سکریٹری نے کمیٹی کو یہ بھی بتایا کہ 28 راحت کیمپ بنائے گئے ہیں، جس میں چھ ہزار 800 سے زیادہ لوگ پناہ لئے ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تمام ضروری سپلائیز، جس میں کھانے کا سامان، دوائیں اور LPG شامل ہے، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں فراہم کی جا رہی ہیں۔IMD کے ڈائریکٹر جنرل مرتیونجے مہاپاترا نے کمیٹی کو بتایا کہ 11 سے 13 اکتوبر تک موسم کے متعلق پیشگوئی ہے کہ موسم ممکنہ طور پر سازگار رہے گا۔ NDRF کے ڈائریکٹر جنرل نے کمیٹی کو بتایا کہ ریاست میں بچاؤ اور راحت مہم کیلئے چھ ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔

میٹنگ کے دوران داخلہ سکریٹری اجے کمار بھلا نے کہا کہ مرکزی حکومت 24 گھنٹے اعلیٰ سطح پر حالات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ x

## Sikkm CM

سکّم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے آج سیلاب سے متاثر علاقے سروانی کا دورہ کیا۔ تیستا ندی میں آئے سیلاب کی زَد سے سروانی پُل کو بری طرح نقصان پہنچا ہے۔ یہ ریاست کے مشرقی، مغربی اور جنوبی خطوں کو جوڑنے والا ایک اہم پُل تھا۔ جناب تمانگ نے ریاست بھر میں رابطے کو یقینی بنانے میں اس کے اہم رول کوتسلیم کرتے ہوئے پُل کو دوبارہ بنانے پر تیز رفتاری سے کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے متعلقہ حکام سے کہا کہ وہ بحالی کے عمل کو تیز کرنے کے لئے فوری مداخلت کریں۔ x

## IMCT Visit

بین وزارتی مرکزی ٹیم (IMCT) نے آج سیلاب سے متاثرہ Gangtok اور Pakyong اضلاع کے ساتھ ساتھ Phidang اور نشیبی Dzongu کا دورہ کیا۔ اس ٹیم نے راحت اور بچاؤ کی کوششوں کے جائزے کے لیے Majigaon میں قائم ایک راحت کیمپ کا بھی دورہ کیا۔ مرکزی ٹیم نے راحت مراکز میں صاف صفائی کے مناسب رکھ رکھاؤ کے لیے بھی ایک تجویز پیش کی ہے۔ انھوں نے بچائے گئے لوگوں کی ذہنی صحت کے سلسلے میں کاؤنسلنگ کی بھی صلاح دی۔ مالی امداد کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری یہ ترجیح رہے گی کہ ریاست کی

قلیل مدتی اور انتہائی اہم ضروریات کو جلد از جلد پورا کیا جا سکے۔

مرکزی ٹیم منگل کو سیلاب سے متاثرہ Mangan، Naga اور Chungthang علاقوں کا بھی دورہ کرے گی۔

## ***Noble Prize***

امریکی پروفیسر Claudia Goldin کو معاشیات کے شعبے میں 2023 کا نوبیل انعام ملا ہے۔ انھیں لیبر مارکیٹ میں خواتین کے تعاون پر جامع تحقیق کے لیے اس انعام سے نوازا گیا ہے۔ آج اس کا اعلان کرتے ہوئے سائنس کی رائل سویڈش اکیڈمی نے کہا کہ اکونامک سائنسز میں 2023 کا نوبیل میموریل انعام جسے باضابطہ طور پر اکونامک سائنسز کے The Sveriges Riksbank Prize کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، ماہر اقتصادیات Claudia Goldin کو خواتین کی مزدوری سے متعلق مارکیٹ کی حصولیابیوں میں تفہیم کے تعلق سے پیش رفت کے لیے دیا گیا ہے۔×

## ***Israel Palestine War with add & Advice***

اسرائیل کے وزیر دفاع Yoav Gallant نے آج غزہ کے مکمل محاصرے کا حکم دیا ہے۔ جناب Gallant نے کہا کہ نئے اقدامات سے بجلی کاٹ دی جائے گی اور یہاں کھانا اور ایندھن داخل ہونے پر مکمل پابندی ہوگی۔ غزہ پٹی میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر ایک ہزار 300 ہوگئی ہے جبکہ ایک لاکھ 23 ہزار سے زیادہ لوگ بے گھر ہوئے ہیں۔ اسرائیل میں مرنے والوں کی تعداد 800 ہوگئی ہے جبکہ دو ہزار دو سو سے زیادہ زخمی ہیں۔

اُدھر غزہ کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ ہفتے کے دن سے غزہ پٹی پر ہوئے اسرائیلی میزائلوں کے حملوں کے نتیجے میں 511 افراد ہلاک اور دو ہزار 750 زخمی ہوئے ہیں۔

امریکہ کی حکومت نے تصدیق کی ہے کہ اُس کے 9 شہری اسرائیل میں مارے گئے ہیں۔

ایک بیان میں وہائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکہ صورتحال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے اور وہ اپنے اسرائیلی اہلکاروں کے ساتھ مستقبل رابطے میں ہے۔

انگلینڈ کے میڈیا نے بھی خبر دی ہے کہ اُس کے 10 سے زیادہ شہریوں کے متعلق خدشہ ہے کہ وہ اِس واقعے کے بعد ہلاک ہوگئے ہیں یا لاپتہ ہیں۔ کم از کم 10 نیپالی باشندے بھی فلسطین کے ملیٹنٹ گروپ حماس کے حملے کے نتیجے میں ہلاک ہوئے ہیں۔ نیپال کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ حملوں میں چار نیپالی زخمی بھی ہوئے ہیں۔x

### Hardep Singh

پیٹرولیم کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج کہا ہے کہ اسرائیل-فلسطین تنازعہ سے بھارت کیلئے توانائی کا کوئی معاملہ پیدا نہیں ہوگا۔ نئی دلّی میں آج 26 ویں توانائی ٹیکنالوجی Meet کا افتتاح کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ حکومت اِس پر گہری نظر رکھے ہوئی ہے۔ x

### Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اٹلی اور فرانس کے چار روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ دو ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر دفاع اٹلی جائیں گے جہاں وہ روم میں وزیر دفاع Guido Crosetto سے ملاقات کریں گے۔ دوسرے اور آخری مرحلے میں جناب سنگھ پیرس میں اپنے ہم منصب Sebastien Lecornu کے ساتھ پانچویں سالانہ دفاعی مذاکرات میں حصہ لیں گے۔x

### Amit Shah

امداد باہمی کے محکمے کے وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ امداد باہمی کی ترقی سے متعلق قومی کارپوریشن NCDC، وزیر اعظم نریندر مودی کے ُسہہ کار سے سمردھی' تک کے خواب کو پورا کریں گے۔ نئی دلّی میں NCDC کی نواسویں جنرل کونسل کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ اُن کی وزارت نے ملک میں امداد باہمی کی تحریک کو مستحکم کرنے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں۔ ان اقدامات میں زرعی قرضوں کی بنیادی سوسائیٹیز کو مستحکم کرنے پر خصوصی توجہ کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ امداد باہمی کے ادارے، ملک کی 60 کروڑ آبادی کی اقتصادی ترقی کا واحد وسیلہ ہیں، جن کے پاس کوئی اثاثہ نہیں ہے۔ x

### Caste Census

BJP نے آج ذات سے متعلق مردم شماری پر کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے تبصرے کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔ اُس نے اُن پر الزام لگایا ہے کہ وہ سیاسی فائدے کیلئے معاشرے کو تقسیم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں BJP لیڈر اور مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ آزادی کے وقت سے 2014 تک کانگریس نے ہمیشہ ذات پر مبنی مردم شماری کی مخالفت کی۔ انھوں نے کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی سے سوال کیا کہ وہ وضاحت کریں کہ کانگریس نے اُس وقت ذات پر مبنی مردم شماری کیوں نہیں کرائی تھی جب وہ کئی دہائیوں تک اقتدار میں تھی۔

اس سے قبل آج کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا تھا کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے اتفاق رائے سے یہ فیصلہ

کیا ہے کہ وہ ملک گیر سطح پر ذات پر مبنی مردم شماری کے خیال کی حمایت کرے گی۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے اعتماد ظاہر کیا تھا کہ انڈین نیشنل ڈیولپمنٹل انکلوزیو الائنس کی پارٹیاں ذات پر مبنی مردم شماری کی حمایت کریں گی۔x

## PM Bengaluru Metro

وزیر اعظم نریندر مودی نے بینگلورو میٹرو کی پرپل لائن کے دو اہم راستوں پر ریل خدمات شروع ہونے کے سلسلے میں خوشی کا اظہار کیا ہے۔ مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے لکھا ہے کہ یہ بینگلورو کے باشندوں کیلئے طرز زندگی میں آسانی کو فروغ دینے کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ بینگلورو میں میٹرو ریل کے نیٹ ورک کی مجموعی لمبائی بڑھ کر 73 کلو میٹر ہوگئی ہے۔ x

## PM-Athletes

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں کل ایشیائی کھیل 2022 میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑیوں کے دستے سے بات چیت کریں گے اور خطاب کریں گے۔ اس تقریب میں وزیر اعظم ایشیائی کھیلوں میں کھلاڑیوں کی غیر معمولی حصولیابیوں کیلئے اُن کی تحسین کریں گے اور آئندہ آنے والے مقابلوں کیلئے اُنھیں تحریک دیں گے۔

بھارت نے ایشیائی کھیل 2022 میں سونے کے 28 تمغوں سمیت کُل 107 تمغے جیتے ہیں۔ جیتے گئے تمغوں کی مجموعی تعداد کے اعتبار سے ایشیائی کھیلوں میں یہ بھارت کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔x

## Cricket

ICC مردوں کے کرکٹ کے ایک روزہ عالمی کپ میں حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں نیدرلینڈس نے 323 رنوں کے نشانے کے لیے کھیلتے ہوئے نیوزی لینڈ کے خلاف اب سے کچھ دیر پہلے تک 45 اوور میں 9 وکٹ پر 218 رن بنا لیے ہیں۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزی لینڈ نے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹ کے نقصان پر 322 رن بنائے تھے۔

کل دھرم شالا میں صبح ساڑھے دس بجے انگلینڈ کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا اور حیدرآباد میں دوپہر دو بجے سے پاکستان اور سری لنکا آمنے سامنے ہوں گے۔x

**Hockey**

20 کھلاڑیوں پر مشتمل بھارت کی مردوں کی جونیئر ہاکی ٹیم کا آج اعلان کر دیا گیا ہے۔ یہ ٹیم ملیشیا میں اِس ماہ کی 27 تاریخ سے 4 نومبر تک کھیلے جانے والے سلطان آف جوہر کپ میں حصہ لے گی۔ اُتم سنگھ کو کپتان مقرر کیا گیا ہے، جبکہ راجیندر سنگھ اُن کے نائب ہوں گے۔ اِس گیارہویں ٹورنامنٹ میں آٹھ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ x

☆☆☆☆